مخارج وصفات کے ساتھ تلاوتِ کلام اللہ سیکھنے کے لیے ابتدائی قاعدہ

سُبحانی قاعِدہ

SUBHANI QA'IDAH

تالیف

محمد مزمل حسین قادری مسعودی

شیخ التجوید دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ویسٹ ممبئی

ناشر

شعبۂ اشاعت دار العلوم محبوب سُبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حروف کے مخارج

مخرج کالغوی معنیٰ ''نکلنے کی جگہ'' ہے اصطلاح تجوید میں جس جگہ سے حرف ادا ہوتا ہے اسے ''مخرج'' کہتے ہیں۔مخارج کی تعداد کے بارے میں ائمہ تجوید کے مختلف اقوال ہیں؛لیکن حضرت امام خلیل بن احمد فراہیدی رحمۃ اللہ علیہ اور اکثر قراے کرام کے نزدیک مخارج کی تعداد (۱۷) ہے۔

مخرج نمبر	حروف کے القاب	مخارج
۱	حُروفِ حَلَقِیَّہْ	حلق کے نیچے والے حصّے سے ''ء'' اور ''ھ'' ادا ہوتے ہیں۔
۲	حُروفِ حَلَقِیَّہْ	حلق کے درمیانی حصّے سے ''ع'' اور ''ح'' ادا ہوتے ہیں۔
۳	حُروفِ حَلَقِیَّہْ	حلق کے اوپر والے حصّے سے ''غ'' اور ''خ'' ادا ہوتے ہیں۔
۴	حُروفِ لَھوِیَّہ	زبان کی جڑ تالو سے مل کر ''ق'' ادا ہوتا ہے۔
۵	حُروفِ لَھوِیَّہْ	ق کی جگہ سے ذرا اوپر منہ کی جانب ہٹ کر ''ك'' ادا ہوتا ہے۔
۶	حُروفِ شَجَرِیَّہْ	بیچ زبان تالو سے مل کر ''ج ،ش ،ی'' (غیر مدّہ) ادا ہوتے ہیں۔
۷	حَرفِ حَافِیَّہْ	زبان کی کروٹ جب بائیں یا دائیں جانب کی اوپر کی پانچ داڑھوں سے لگے تو اس سے ''ض'' ادا ہوتا ہے۔
۸	حُرُوْفِ طَرَفِیَّہْ	سرا زبان تالو سے مل کر ''ن'' ادا ہوتا ہے۔
۹	حُرُوْفِ طَرَفِیَّہْ	کنارۂ زبان مسوڑھے سے مل کر ''ل'' ادا ہوتا ہے۔
۱۰	حُرُوْفِ طَرَفِیَّہْ	پشت زبان قریب سرا زبان تالو سے ملکر ''ر'' ادا ہوتی ہے۔
۱۱	حُروفِ نِطَعِیَّہْ	زبان کا سرا جب اوپر (سامنے) والے دو بڑے دانتوں کی جڑ سے لگے تو اس سے ''ت، د، ط'' ادا ہوتے ہیں۔
۱۲	حُروفِ لِثَوِیَّہْ	زبان کا سرا جب اوپر والے دو بڑے دانتوں کے سرے سے لگے تو اس سے ''ث، ذ، ظ'' ادا ہوتے ہیں۔
۱۳	حُروفِ صَفِیْرِیَّہْ	زبان کی نوک جب اوپر نیچے کے سامنے والے دونوں بڑے دانتوں کے بیچ سے لگے تو اس سے ''ز، س، ص'' ادا ہوتے ہیں۔
۱۴	حَرفِ شَفَوِیَّہْ	اوپر والے دانتوں کا کنارہ نچلے ہونٹ کے تر حصے سے مل کر ''ف'' ادا ہوتا ہے۔
۱۵	حُرُوْفِ شَفَوِیَّہْ	دونوں ہونٹوں سے ''ب، م، و'' ادا ہوتے ہیں، وہ اس طرح کہ بند ہونٹوں کے گیلے حصّے سے ''ب'' اور خشک حصّے سے ''م'' اور ہونٹوں کی گولائی سے ''واو''
۱۶	حَرفِ غُنَّہْ	خیشوم یعنی ناک کے بانسے سے ''غنّہ'' ادا ہوتا ہے۔
۱۷	حُروفِ جَوْفِیَّہْ	منہ کے خالی حصّے سے الف، واو اور یا مدّہ ادا ہوتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ
وَعَلٰی اٰلِکَ وَ اَصْحٰبِکَ یَا حَبِیْبَ اللہِ

مخارج وصفات کے ساتھ تلاوتِ کلام اللہ سیکھنے کے لیے ابتدائی قاعدہ

سبحانی قاعدہ

تالیف

محمد مزمل حسین قادری مسعودی
شیخ التجوید دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ویسٹ، ممبئی۔

ناشر
شعبۂ اشاعت : دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ویسٹ، ممبئی۔

جملہ حقوق بحقِّ ناشر محفوظ ہیں

کتاب کا نام : سبحانی قاعدہ

مؤلف : محمد مزمل حسین قادری مسعودی شیخ التجوید

دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ویسٹ ممبئی۔ موبائل : 9892343528

تصحیح و نظر ثانی : حضرت علامہ و مولانا حافظ و قاری سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی مدظلہ النورانی

صدر المدرسین دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ویسٹ ممبئی۔

کمپوزنگ و سیٹنگ : مولانا محمد رفیق نظامی سبحانی، استاذ دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ویسٹ ممبئی

سن طباعت : ۱۴۴۳ھ مطابق ۲۰۲۱ء

صفحات : ۵۲

قیمت : ۱۲۰

ملنے کا پتہ : دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ممبئی ۷۰۔

نام طالب علم / طالبہ: ______________________

مدرسہ: ______________________

پتہ : ______________________

درسگاہ: ______________________

کلاس کا وقت: ____________ فون نمبر: ____________

چند باتیں

دنیا کی کوئی زبان ہو اُس کا حقیقی حسن و جمال اُس کے حسنِ ادائیگی سے عیاں ہوتا ہے۔ ہر زبان کا اپنا الگ انداز ہے، اگر اُسے اُس کے مخصوص انداز میں نہ بولا جائے تو اس کی لذّت فنا ہو جاتی ہے اور سامع و مخاطب کو اُس کا فطری حسن محسوس نہیں ہو پاتا؛ بلکہ انداز و لہجے کی تبدیلی کے سبب کبھی کبھی اُس کے الفاظ و معانی تبدیل ہو جاتے ہیں۔ یہی صورتِ حال ''عربی زبان'' کی بھی ہے، کہ اگر اسے اس کے مخصوص لب و لہجے میں نہ بولا جائے تو سننے والا نہ صرف یہ کہ اس کی حقیقی لذت سے محروم رہ جاتا ہے؛ بلکہ بسا اوقات مفہوم میں غیر معمولی تغیر واقع ہو جاتا ہے۔ عربی زبان میں سب سے اہم معاملہ ''قرآنِ مقدّس'' کا ہے؛ کیوں کہ تلاوتِ کلامِ اِلٰہی کے دوران، عربی لب و لہجے کی رعایت کے ساتھ، اِعراب کی صحت اور درست مخارجِ حروف کی رعایت انتہائی اہم اور ضروری ہے۔ اِنھیں نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ قرآنِ کریم نازل کرنے والے ہمارے رب اللہ عزوجل نے بذاتِ خود اِس کی تاکید فرمائی ہے اور آقائے دوعالم ﷺ نے ''ترتیل'' کے مقام و مرتبے اور اس کی رعایت کرنے والوں کی فضیلت و عظمت کو بیان فرمایا ہے۔

ہماری مادری زبان ''اردو'' کا رسم الخط عربی سے کافی مماثلت رکھتا ہے؛ مگر تلفظ کے معاملے میں اہلِ اردو نے بڑی فراخ دلی کا مظاہرہ فرمایا ہے۔ ہم روزمرہ کی بول چال میں ''مطلب'' کو ''متلب''، ''ظاہر'' کو ''زاہر''، ''ثریا'' کو ''سریا''، ''صورت'' کو ''سورت''، ''باطن'' کو ''باتن''، ''احمد'' کو ''اہمد'' پڑھتے اور بولتے ہیں، اِس کے باوجود نہ ہمیں غلط کہا جاتا ہے اور نہ ہی ہم خود کو خاطی تصور کرتے ہیں۔ لیکن عربی زبان، بالخصوص قرآنِ کریم میں اِس قسم کی غلطیاں ناقابلِ قبول ہیں۔ کوئی بھی مومن قرآنِ حکیم کے ''ض'' کو ظ، ''ص'' کو س، ''ظ'' کو ز، ''ط'' کو ت، ''ع'' کو ہمزہ، ''ح'' کو ھ، سے قصداً تبدیل کرنے کی جسارت نہیں کر سکتا۔ اگر کوئی قاری ایسا کرتا ہے تو نہ صرف یہ کہ کلماتِ قرآن کے معانی میں فساد لازم آئے گا؛ بلکہ ایسا شخص عند الخواص مجرم اور عند الشرع عاصی گردانا جائے گا۔

صحابیِ رسول حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

۞ رُبَّ تَالٍ لِّلْقُرْآنِ وَالْقُرْآنُ يَلْعَنُهٗ۔ [اِحیاء علوم الدین، ج:۱، ص:۱۸۴]

ترجمہ: تلاوتِ قرآنِ کریم کرنے والے بہت سے بدنصیب ایسے ہیں جن پر خود قرآنِ مقدس لعنت و پھٹکار بھیجتا ہے۔

شارحینِ حدیث فرماتے ہیں کہ تین طرح کے لوگ قرآنِ مقدس کی لعنت میں گرفتار ہوتے ہیں۔[۱] حروف کو غلط مخرج سے نکالنے والے [۲] تعلیماتِ قرآن پر عمل نہ کرنے والے [۳] قرآنِ مجید کے معانی میں ردّ و بدل کرنے والے۔

اپنے معاشرے کا جائزہ لینے کے بعد ہم بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آج بھی تلاوتِ قرآن کرنے والوں کی کتنی بڑی تعداد ''لعنتِ قرآن'' میں گرفتار ہوکر خیر و برکت سے محروم ہو رہی ہے۔مگر بحمد اللہ تعالیٰ پھر بھی اب پہلے کی بنسبت کافی بیداری آچکی ہے، جگہ جگہ مکاتب و مدارس قائم کیے جارہے ہیں اور اسلامی بچوں اور بچیوں کی با لتجوید تعلیم کا اہتمام کیا جارہا ہے۔عوامِ اہلِ سنت اور نونہالانِ اسلام کو ''لعنتِ قرآن'' سے بچانے اور تلاوتِ قرآنِ مجید کے فیوض و برکات سے مالامال کرنے کی اہم ترین کوششوں میں سے ایک کوشش ''سبحانی قاعدہ'' کی ترتیب وتالیف ہے۔

اسے، ناچیز کی فرمائش پر، جماعتِ اہلِ سنت کے نوجوان؛ مگر تجربے کار عالم و مقری، پیکرِ اخلاص و محبت حضرت علامہ قاری محمد مزمل حسین قادری جامعی صاحب، شیخ القراء دار العلوم محبوب سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی نے بڑی عرق ریزی کے ساتھ، حسنِ نظم و جمالِ ترتیب کا خیال رکھتے ہوئے مرتب فرمایا ہے۔راقم سمیت، مولانا حافظ و قاری محمد رفیق نظامی سبحانی صاحب اور کئی ماہر قراے کرام کی، انتہائی باریک بینی کے ساتھ نظرِ ثانی کے بعد، طباعت کے مراحل سے گزر کر یہ ''قاعدہ'' آپ کی بارگاہ میں پیش ہے۔اب رہ گیا یہ سوال کہ ''متعدد قاعدوں'' کی دست یابی کے باوجود اسے کیوں مرتب کیا گیا؟ تو اس کا جواب خود کتاب دے گی۔ان شاء اللہ عز وجل۔

دعا گو ہوں کہ اللہ ربُّ العزت مؤلف اور اُن کے جملہ معاونین کو جزاے جزیل عطا فرمائے اور اِسے، ہم سب کے لیے صدقۂ جاریہ اور بخشش کا سامان بنائے۔آمین یاربَّ العالمین بجاہ حبیبک سید المرسلین ﷺ۔

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

صدر المدرسین دار العلوم محبوب سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

۴ر شعبان المعظم ۱۴۴۲ مطابق ۱۸ر مارچ ۲۰۲۱ء

بروزِ جمعرات

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ وَنُسَلِّمُ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۝ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ۝ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝

(سورۂ طٰہٰ، آیت نمبر: از ۲۵ تا ۲۸)

سبق (۱) حروفِ تہجی

ا (اَلِفْ)	ب (بَا)	ت (تَا)	ث (ثَا)	ج (جِيْمْ)
ح (حَا)	خ (خَا)	د (دَالْ)	ذ (ذَالْ)	ر (رَا)
ز (زَا)	س (سِيْنْ)	ش (شِيْنْ)	ص (صَادْ)	ض (ضَادْ)
ط (طَا)	ظ (ظَا)	ع (عَيْنْ)	غ (غَيْنْ)	ف (فَا)
ق (قَافْ)	ك (كَافْ)	ل (لَامْ)	م (مِيْمْ)	ن (نُوْنْ)
و (وَاوْ)	ه (هَا)	ء (هَمْزَه)	ى (يَا)	

- حروفِ تہجی کو حروفِ مفردات بھی کہتے ہیں، یہ الف سے یا تک کُل ۲۹ حروف ہیں۔
- ان میں حروفِ مستعلیہ ۷ ہیں اور وہ یہ ہیں "خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق" ان کا مجموعہ (خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ) ہے، ان کے ادا کرتے وقت زبان کی جڑ تالو کی جانب اٹھ جاتی ہے۔ یہ حروف ہمیشہ پُر (موٹے) پڑھے جاتے ہیں۔
- الف ہمیشہ خالی ہوتا ہے، یعنی اس پر کوئی حرکت یا جزم نہیں ہوتی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق (٢) نقطوں کی شناخت

ـبـ ـتـ ـثـ ـنـ ـيـ

مشق (١) نقطے والے حروف

ب	ت	ث	ج	خ
ذ	ز	ش	ض	ظ
غ	ف	ق	ن	ي

مشق (٢) بغیر نقطے والے حروف

ا	ح	د	ر	س
ص	ط	ع	ك	ل
م	و	ه	ء	ھ

مشق (٣) پہچانیے اور پڑھیے۔

ع	ت	ج	ك	ز

ح	ض	ظ	ف	ق
ل	ش	د	م	ء
ن	ي	ذ	ص	ب
خ	ط	غ	ا	ه
		ث		

مشق (۴) **مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔**

سوال: حروفِ تہجی یعنی حروفِ مفردات کتنے ہیں؟

سوال: کون سا حرف ہمیشہ حرکات اور جزم سے خالی ہوتا ہے؟

سوال: ط، پر نقطہ رکھ دیا جائے تو کیا بن جائے گا ؟

سوال: ض، کے بعد کون سا حرف آتا ہے؟

- اپنے استاذ کو "الف" سے "ی" تک زبانی سنائیے۔

مخرج نمبر: ۱۔ حُروفِ حَلَقِیَّہْ حلق کے نیچے والے حصّے سے "ء" اور "ه" ادا ہوتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق (۳) مرکّبات میں حروف کی شکلیں

دو یا دو سے زیادہ حروف سے مل کر "مرکّب" بنتا ہے۔ مرکب کی جمع مرکبات آتی ہے۔ جب کچھ حروف مل کر مرکب بنتے ہیں تو ان کی ابتدائی اور درمیانی شکلوں میں تبدیلی واقع ہوتی ہے، سوائے چند حروف کے۔ اور وہ یہ ہیں: ا، د، ذ، ر، ز، ط، ظ، و، ء۔

مشق (۱) مندرجہ ذیل حروف کو پہچان کر الگ الگ پڑھیں۔

ا	با	تا	ثا	جا	سا	شا	قا
کا	لا	لا	ما	وا	ھا	یا	بب
بج	بد	بذ	بم	بن	بہ	بی	جب
جت	جث	جد	جر	جس	جص	جط	خذ
طر	عد	عذ	غذ	فد	کذ	مد	حر
شق	ضی	یف	حم	کم	لم	یر	نبل
تنل	بیل	یتل	ثثل	نبن	بنن	تین	یتن
ثثن	نین	فقل	قفل	بعد	تعد	نتی	سماء
أعوذ	یؤمن	ھئن					

بچوں کو سمجھاتے جائیں کہ ہمزہ کی کوئی مخصوص شکل نہیں ہوتی؛ بلکہ ہمزہ کبھی بشکل (أ) کبھی بشکل (ؤ) کبھی بشکل (ئ) لکھا جاتا ہے اور اگر ان میں سے کسی شکل میں نہ ہو تو اِس (ء) شکل میں ہوگا۔

مشق (۲) درج ذیل عبارت کے حروف الگ الگ پڑھیے۔

لھا ما کسبت وعلیھا ما اکتسبت ۝ ما زاغ البصر وما طغی ۝
وان قیل لکم ارجعوا فارجعوا ھو ازکی لکم ۝ یسٓ ۝
والقرءان الحکیم ۝ افلم تکونوا تعقلون ۝ سلم علی موسی وھرون ۝

مشق (۳) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: کن حروف کی شکلیں تبدیل نہیں ہوتیں؟

جواب: ا، د، ذ، ر، ز، ط، ظ، و ۔

سوال: کون کون سے حروف تبدیل ہونے پر ''ب'' کی طرح دکھائی دیتے ہیں صرف نقطوں کا فرق ہوتا ہے؟

جواب: ب، ت، ث، ن ۔

سوال: کون کون سے حروف ''ج'' کے مشابہ ہوتے ہیں؟

جواب: ح اور خ ۔

سوال: تبدیل شدہ ''ف'' اور ''ق'' میں کیا فرق ہے؟

جواب: نقطہ کا فرق ہے ۔

مخرج نمبر: ۲۔ حُروفِ حَلَقِیَّۃ حلق کے درمیانی حصّے سے ''ع'' اور ''ح'' ادا ہوتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق (۴) زبر/فتحہ (ـَـ)

حرف کے اوپر موجود ''ـَـ'' اس علامت کو اردو میں ''زبر'' اور عربی میں ''فتحہ'' کہتے ہیں۔ جس حرف پر یہ علامت ہو اسے ''مفتوح'' کہتے ہیں۔ یہ سب سے ہلکی اور آسانی سے ادا ہونے والی حرکت ہے۔ اسے بغیر کھینچے جلدی پڑھا جاتا ہے۔

أَ	بَ	تَ	ثَ	جَ	حَ	خَ	دَ

ذَ	رَ	زَ	سَ	شَ	صَ	ضَ	طَ
ظَ	عَ	غَ	فَ	قَ	كَ	لَ	مَ
نَ	وَ	ہَ	ءَ	یَ			

مشق (۱) پہچانیے اور پڑھیے۔

لَ	مَ	فَ	غَ	جَ	ضَ
تَ	زَ	قَ	یَ	بَ	

مشق (۲) نیچے لکھے گئے حروف پر زبر لگا کر پڑھیے۔

ب	م	ء	ہ	ج	ن
ق	ط	ض	ش	د	ح

زبر کو ہرگز کھینچ کر نہ پڑھیں۔ حرفِ شَفَوِی "واو" کے علاوہ کہیں پر بھی ہونٹوں کو گول نہ ہونے دیں۔

مشق (۳) پہچانیے اور پڑھیے۔

اَمَرَ	سَأَلَ	لَجَأَ	بَطَشَ	نَبَزَ	ثَقَبَ
وَجَدَ	سَجَدَ	سَلَمَ	رَزَقَ	جَرَبَ	عَمَلَ

مشق (۴) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: زبر کو عربی میں کیا کہتے ہیں ؟ جواب: فتحہ

سوال: سب سے ہلکی اور آسانی سے ادا ہونے والی حرکت کونسی ہے ؟ جواب: زبر

سوال: کیا زبر کی حرکت کو کھینچ کر پڑھنا چاہیے ؟ جواب: بالکل نہیں

مخرج نمبر: ۳۔ حُروفِ حَلْقِیَّہ حلق کے اوپر والے حصے سے "غ" اور "خ" ادا ہوتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق (۵) زیر/کسرہ (ِ)

حرف کے نیچے موجود اِس علامت (ِ) کو اردو میں ''زیر'' اور عربی میں ''کسرہ'' کہتے ہیں۔ جس حرف پر یہ علامت ہو اسے ''مکسور'' کہتے ہیں۔ زیر کو ہمیشہ معروف پڑھیں، مجہول پڑھنے سے گریز کریں۔ اس کی ادائیگی کے وقت آواز نیچی رکھیں اور کھینچیں نہیں۔

إِ بِ تِ ثِ جِ حِ خِ دِ

ذِ رِ زِ سِ شِ صِ ضِ طِ

ظِ عِ غِ فِ قِ كِ لِ مِ

نِ وِ هِ ءِ يِ

مشق (۱) پہچانیے اور پڑھیے۔

ثِ بِ حِ ذِ صِ شِ ضِ

طِ نِ قِ هِ رِ وِ لِ

فِ يِ إِ

مشق (۲) ہجے اور رواں دونوں طرح سے پڑھیں!

تِبَ نَبِ غِوَ ضَطِ وَوِ ظَظِ

طَبِ فَلِ كَنِ حَفِ طَرِ بَيِ

مشق (۳) ہجے اور رواں دونوں لحاظ سے پڑھیں!

يَ ئِ سَ | حَ بِ طَ | عَ طِ هَ | وَ ثِ قَ | وَ جِ لَ | رَ حِ مَ

رَحِمَ لَعِبَ شَرِبَ عَمِلَ بَرِقَ خَطِفَ

جَزِعَ	سَقِمَ	غَشِيَ	نَسِيَ	حَمِدَ	مَنَعَ

مشق (۴) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: زیر کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ جواب: کسرہ

سوال: پڑھتے وقت زیر کی آواز کس طرف جاتی ہے؟ جواب: نیچے کی طرف

سوال: زیر کی حرکت کہاں لگائی جاتی ہے؟ جواب: حرف کے نیچے

سوال: زیر کی حرکت کو کتنا کھینچ کر ادا کرتے ہیں؟ جواب: اسے بالکل نہیں کھینچتے

مخرج نمبر: ۴۔ حُرُوفِ لَهَوِيَّه زبان کی جڑ تالو سے مل کر "ق" ادا ہوتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق (۶) پیش / ضمہ (ـُـ)

حرف کے اوپر موجود اِس علامت (ـُـ) کو اردو میں "پیش" اور عربی میں "ضمہ" کہتے ہیں۔ اس کی شکل "و" جیسی ہوتی ہے۔ اس کی ادائیگی کے وقت ہونٹ گول کیے جاتے ہیں۔ اسے معروف پڑھا جاتا ہے، کھینچا بالکل نہیں جاتا۔

أُ	بُ	تُ	ثُ	جُ	حُ	خُ	دُ
ذُ	رُ	زُ	سُ	شُ	صُ	ضُ	طُ
ظُ	عُ	غُ	فُ	قُ	كُ	لُ	مُ
نُ	وُ	هُ	ءُ	يُ			

مشق (۱) پہچانیے اور پیش لگا کر پڑھیے۔

ی	م	غ	ص	ذ
ث	ؤ	ل	ش	ج

مشق (۲) اسے ہجے اور رواں دونوں لحاظ سے پڑھیں۔

أُبُ	بُسُ	جُبُ	دُرُ	لُلُ
سُبُ	قُمِ	رُمَ	بِعُ	جُلُ

مشق (۳) اسے ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھیں۔

اُذِنَ	بُهِتَ	تُلِیَ	ثُقِبَ	جُمِعَ
کَرُمَ	عُلِمَ	هُدِیَ	قُتِلَ	وُسِعَ
قُدِرَ	نُصِرَ	وُزِنَ	طُوِیَ	ذُکِرَ

مشق (۴) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: زبر، زیر اور پیش کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟

سوال: زبر، زیر اور پیش کو کتنا کھینچ کر ادا کرنا چاہیے؟

❁ کس حرف اور کونسی حرکت کو ادا کرتے وقت ہونٹ گول کرنا چاہیے۔

مخرج نمبر: ۵۔ حُروفِ لَهوِیَّہ ق کی جگہ سے ذرا اوپر منہ کی جانب ہٹ کر "ك" ادا ہوتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق نمبر (۷) جزم / سکون (ـْ)

❁ اس علامت (ـْ) کو "سکون" اور "جزم" کہتے ہیں اور جس حرف پر یہ علامت ہو اس کو "مجزوم" یا "ساکن" کہتے ہیں۔ ساکن حرف کو پہلے والے حرف سے ملا کر پڑھا جاتا ہے اور یہ ہمیشہ حرف کے اوپر ہوتا ہے۔

بَاْ	بِیْ	بُوْ	أَبْ	تَاْ	تِیْ	تُوْ	أَتْ

ثَا	ثِيْ	ثُوْ	أَثْ	جَا	جِيْ	جُوْ	أَجْ
حَا	حِيْ	حُوْ	أَحْ	خَا	خِيْ	خُوْ	أَخْ
عَا	عِيْ	عُوْ	أَعْ	لَا	لِيْ	لُوْ	أَلْ

أَنْ	هَبْ	بَسْ	صَهْ	صِلْ	سِرْ	اِذْ	عِظْ
هِمْ	فُزْ	كُلْ	رِكْ	صُغْ	كِيْ	وَصْ	عِشْ

- جب الف پر جزم واقع ہو تو الف جھٹکے کے ساتھ ادا کیا جائے گا۔ جیسے : بَأْ، تَأْ، سَأْ وغیرہ۔
- حروفِ قلقلہ پانچ ہیں "ق، ط، ب، ج، د" اِن کا مجموعہ "قُطْبُ جَدٍّ" ہے۔ حروفِ قلقلہ جب ساکن ہوں تو مخرج میں جنبش کے ساتھ آواز لوٹتی ہوئی نکلنی چاہیے۔

مشق (۱) (ـْـ)

أَبْ	اِبْ	اُبْ	جَبْ	جِبْ	جُبْ
بَجْ	بِجْ	بُجْ	سَدْ	سِدْ	سُدْ
قَطْ	قِطْ	قُطْ	جَقْ	جِقْ	جُقْ

مشق (۲) ہجے اور رواں دونوں لحاظ سے پڑھیں!

يَأْذَنَ	بِئْسَ	اَطْعَمَ	بَطْشَ	طَبَقْ	أَلْقَتْ
اِقْرَأْ	يَدْعُوْا	قَرَأْتَ	لَقَدْ	شَفَقْ	خَلَقْتَ

مشق (۳) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: جزم، سکون کی علامت کیا ہے ہاتھ رکھ کر بتاؤ ؟ (ــَــ ــِــ ــٗــ ــُــ)

سوال : ایسے کتنے حروف ہیں جن میں آواز اپنے مخرج سے ٹکرا کر لوٹتی ہوئی محسوس ہوتی ہے ؟

مخرج نمبر: ۶ - حُروفِ شَجَرِیَّہ بیچ زبان تالو سے مل کر "ج، ش، ی" (غیر مدّہ) ادا ہوتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سبق نمبر (۸) حُروفِ مَدَّہ

حروفِ مدّہ تین ہیں (۱) الف مدّہ (۲) واو مدّہ (۳) یا مدّہ، ان کو ایک الف یعنی دو حرکت کے برابر کھینچ کر پڑھیں۔ ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھیں۔

(الف مدّہ)

اگر الف سے پہلے زبر (ــَــ) ہو تو "ا" مدّہ ہوگا۔

ءَ ـ ءَا	بَ ـ بَا	تَ ـ تَا	ثَ ـ ثَا	جَ ـ جَا	حَ ـ حَا
خَ ـ خَا	دَ ـ دَا	ذَ ـ ذَا	رَ ـ رَا	زَ ـ زَا	سَ ـ سَا
شَ ـ شَا	صَ ـ صَا	ضَ ـ ضَا	طَ ـ طَا		

ظَا	عَا	غَا	فَا	قَا	كَا	لَا	مَا
نَا	وَا	هَا	ءَا	يَا			

مشق (۱) ہجے اس طرح کریں! خا الف زبر خَا، فا زبر فَ = خَافَ۔

خَافَ	تَابَ	زَادَ	قَالَ

حَاسَبَ	جَاهَدَ	جُنَاحَ	اَرَادَ
بَارَكَ	خَافَضَ	قَاتَلَ	حَارَبَ

مخرج نمبر:۷۔ حرفِ حَافِيَّةُ زبان کی کروٹ جب بائیں یا دائیں جانب کی اوپر کی پانچ داڑھوں سے لگے تو اس سے "ض" ادا ہوتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سبق نمبر (۹) (یا مَدّہ)

جس یا ساکن سے پہلے زیر (ـــِ یۡ) ہو اُسے یا مَدّہ کہتے ہیں۔

إِ-إِيۡ	بِ-بِيۡ	تِ-تِيۡ	ثِ-ثِيۡ	جِ-جِيۡ	حِ-حِيۡ		
خِيۡ	دِيۡ	ذِيۡ	رِيۡ	زِيۡ	سِيۡ	شِيۡ	صِيۡ
ضِيۡ	طِيۡ	ظِيۡ	عِيۡ	غِيۡ	فِيۡ	قِيۡ	كِيۡ
لِيۡ	مِيۡ	نِيۡ	وِيۡ	هِيۡ	ءِيۡ	يِيۡ	

مشق (۱) ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھیں۔ ہجے اس طرح کریں! جیسے: دِيۡنِ = دال یا زیر دِيۡ، نون زیر نِ = دِيۡنِ۔

دِيۡنِ	فِيۡهِ	أَخِيۡ	رِيۡحُ	قِيۡلَ
أُرِيۡدُ	بَنِيۡنَ	يُؤۡتِيۡ	كِتَابِيۡ	اُجِيۡبُ

كَرِيْمِ	عِيْسٰى	اَخِيْهِ	تَجْرِىْ	حِيْلَ
حُشِرَ	حُرُمُ	رُبُعَ	قَمَرِ	حَمِدَ

مخرج نمبر:۸۔ حُرُوْفِ طَرَفِيَّهْ کنارۂ زبان مسوڑھے سے مل کر "ل" ادا ہوتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سبق نمبر (۱۰) (واو مدّہ)

اگر واو ساکن سے پہلے پیش (ـُ) ہو تو "و" مدّہ ہوگا۔

اُ۔اُوْ	بُ۔بُوْ	تُ۔تُوْ	ثُ۔ثُوْ	جُ۔جُوْ	حُ۔حُوْ	خُ۔خُوْ

دُوْ	ذُوْ	رُوْ	زُوْ	سُوْ	شُوْ	صُوْ	ضُوْ
طُوْ	ظُوْ	عُوْ	غُوْ	فُوْ	قُوْ	كُوْ	لُوْ
مُوْ	نُوْ	وُوْ	هُوْ	ءُوْ	يُوْ		

مشق (۱) ہجے اس طرح کریں! طا واو پیش طُوْ۔ را پیش رُ = طُوْرُ۔

طُرَ	نُحَ	نُرَ	اُتَ	جُرَ	حُرَ
طُوْرُ	نُوْحَ	نُوْرَ	اُوْتَ	جُوْرَ	حُوْرَ
اَعُوْذُ	قَالُوْا	قُلُوْبُ	نَسُوْهُ	يُوْسُفَ	اُوْحِيَ

هٰرُوۡنَ	صُدُوۡرِ	رَسُوۡلِهٖ	مُوۡسٰی	مَلِكِ	ثُلُثُ

مشق (۲) مندرجہ ذیل الفاظ کو بغور پڑھ کر "حروفِ مدّہ" کی نشاندہی کیجیے۔

قَالَ	مَانَ	حَاسَبَ	خَافَضَ	الف مدّہ
فِيۡهِ	رَحِيۡمُ	سَبِيۡلُ	قِيۡلَ	یا مدّہ
قُلُوۡبُ	نَسُوۡهُ	نُوۡحُ	اَعُوۡذُ	واو مدّہ

مشق (۳) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: حروفِ مدّہ کتنے ہیں اور کون کون سے ہیں، نام بتائیے؟ جواب: تین ہیں، الف ، واو ، یا۔

سوال: حروفِ مدّہ کو کتنا کھینچ کر پڑھنا چاہیے؟ جواب: ایک الف کے برابر۔

سوال: کیا واو اور یاء غیر مدّہ کی طرح الف بھی غیر مدّہ ہوتا ہے؟ جواب: الف کبھی غیر مدّہ نہیں ہوتا ہے۔

مخرج نمبر : ۹ ۔ حُرُوۡفِ طَرَفِيَّهْ سرا زبان تالو سے مل کر "ن" ادا ہوتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سبق نمبر (۱۱) (کھڑی حرکات)

- کھڑا زبر (ـٰ)، کھڑا زیر (ـٖ) کو "کھڑی حرکات" اور اُلٹے پیش (ـٗ) کو "ضمۂ مقلوبہ" کہتے ہیں۔
- یہ تینوں حرکتیں ادائیگی میں حروفِ مدّہ کے برابر ہیں۔ زبر کی دو حالتیں ہیں۔ (۱) پڑا زبر (ـَ) (۲) کھڑا زبر (ـٰ)۔
- زیر کی بھی دو قسمیں ہیں (۱) پڑا زیر (ـِ) (۲) کھڑا زیر (ـٖ)، کھڑے زیر کو "کسرۂ مستقیمہ" کہتے ہیں۔
- کھڑے زبر کو ایک الف یعنی دو حرکت کے برابر کھینچنا چاہیے؛ کیوں کہ کھڑا زبر الف کے قائم مقام ہوتا ہے۔ جیسے :بٰ = بَا
- کھڑا زیر (ـٖ) "یا مدّہ" کے برابر ہوتا ہے۔ جیسے :بٖ = بِيۡ
- ضمۂ مقلوبہ (ـٗ) واو مدّہ کے برابر ہوتا ہے۔ جیسے : ہٗ = هُوۡ

مشق(۱) ہجے کے ساتھ پڑھیے!

اَ - ءَ	اِ - ءِ	اُ - ءُ	بَ	بِ	بُ
تَ	تِ	تُ	ثَ	ثِ	ثُ
جَ	جِ	جُ	حَ	حِ	حُ
خَ	خِ	خُ	دَ	دِ	دُ
ذَ	ذِ	ذُ	رَ	رِ	رُ
زَ	زِ	زُ	سَ	سِ	سُ
شَ	شِ	شُ	صَ	صِ	صُ
ضَ	ضِ	ضُ	طَ	طِ	طُ
ظَ	ظِ	ظُ	عَ	عِ	عُ
غَ	غِ	غُ	فَ	فِ	فُ
قَ	قِ	قُ	كَ	كِ	كُ
لَ	لِ	لُ	مَ	مِ	مُ

نٰ	نٖ	نٗ	وٰ	وٖ	وٗ
ہٰ	ہٖ	ہٗ	ءٰ	ءٖ	ءٗ
یٰ	یٖ	یٗ			

مشق (۲) ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھیے۔

هٰذَا	عَلٰى	ذٰلِكَ	مَاٰرِبُ	اُسْرٰى
سَمٰوٰتِ	بِاٰيٰتِنَا	يٰنُوْحُ	ذَكَرَ	كَسَبَ

مشق (۳) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: کھڑا زبر کس حرف کے برابر ہوتا ہے؟ جواب: الف کے برابر

سوال: کھڑے زبر کو کتنی حرکات کے برابر کھینچنا چاہئے؟ جواب: دو حرکات کے برابر

مخرج نمبر :۱۰۔ حُرُوْفِ طَرَفِيَّهْ پشت زبان قریب سرا زبان تالو سے ملکر "ر" ادا ہوتی ہے۔

مشق (۴) کھڑے زیر کی مثالیں

ہجے کا طریقہ۔ مثلاً "دُوْنِهٖ" کو یوں پڑھیں! =دال واو پیش دُوْ، نون زیر نِ =دُوْنِ، ھا کھڑا زیر ہٖ =دُوْنِهٖ

بِهٖ	عِلْمِهٖ	فَضْلِهٖ	مَوْتِهٖ	قَوْمِهٖ
نُوْرِهٖ	دُوْنِهٖ	يَاْتِهٖ	بَعْدِهٖ	رُسُلِهٖ

مشق (۵) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: کھڑے زیر کی آواز کس طرف جاتی ہے؟ جواب: نیچے کی طرف

سوال: کھڑے زیر کو کتنے الف کے برابر کھینچ کر پڑھنا چاہیے؟ جواب: ایک الف یعنی دو حرکات کے برابر

مخرج نمبر:۱۱ - حُروفِ نِطْعِیَّہ

زبان کا سرا جب اوپر (سامنے) والے دو بڑے دانتوں کی جڑ سے لگے تو اس سے "ت، د، ط" ادا ہوتے ہیں۔

مشق (۶) الٹے پیش کی مثالیں

ہجے کا طریقہ۔ مثلاً "دَاوٗدَ" کو یوں پڑھیں۔ دال الف زبر دَا، واو الٹا پیش وٗ، دَاوٗ، دال زبر دَ = دَاوٗدَ

دَاوٗدَ	يَلْوٗنَ	مِزَاجُهٗ	عَذَابُهٗ	غَاوٗنَ
لَهٗ	اِسْمُهٗ	عِنْدَهٗ	جَعَلَهٗ	وَرِثَهٗ

مشق (۷) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال: الٹا پیش قرآن پاک میں کتنے حروف پر استعمال ہوا ہے؟ جواب: صرف تین حروف "و، ہ، ء" پر

سوال: الٹا پیش کس حرف کے برابر ہوتا ہے؟ جواب: واو مدہ کے برابر

سوال: الٹے پیش کو عربی میں کیا کہتے ہیں؟ جواب: ضمّہ مقلوبہ

مخرج نمبر:۱۲ - حُروفِ لِثَوِیَّہ

زبان کا سرا جب اوپر والے دو بڑے دانتوں کے سرے سے لگے تو اس سے "ث، ذ، ظ" ادا ہوتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سبق نمبر (۱۲) حروفِ لین

- حروف لین دو ہیں (۱) واو لین (۲) یاے لین
- واو ساکن سے پہلے زبر (ـَ وْ) ہو تو اسے واو لین کہتے ہیں۔ اِسے نرمی اور جلدی سے ادا کیا جاتا ہے۔ جیسے؛ ہمزہ واو زبر اَوْ۔
- یاے ساکن سے پہلے زبر (ـَ یْ) ہو تو اسے "یاے لین" کہتے ہیں۔ اِسے بھی جلدی اور نرمی سے معروف ادا کیا جاتا ہے۔ جیسے ہمزہ یا زبر اَیْ۔

أَوْ	أَيْ	بَوْ	بَيْ	تَوْ	تَيْ
ثَوْ	ثَيْ	جَوْ	جَيْ	حَوْ	حَيْ
خَوْ	خَيْ	دَوْ	دَيْ	ذَوْ	ذَيْ
رَوْ	رَيْ	زَوْ	زَيْ	سَوْ	سَيْ
شَوْ	شَيْ	صَوْ	صَيْ	ضَوْ	ضَيْ
طَوْ	طَيْ	ظَوْ	ظَيْ	عَوْ	عَيْ
غَوْ	غَيْ	فَوْ	فَيْ	قَوْ	قَيْ
كَوْ	كَيْ	لَوْ	لَيْ	مَوْ	مَيْ
نَوْ	نَيْ	هَوْ	هَيْ	ءَوْ	ءَيْ
		يَوْ	يَيْ		

مشق (۱) واو لین کی مثالیں۔ ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھیں۔

فَوْقَ	قَوْمَ	قَوْلَ	سَوْفَ	صَوْمَ
حَوْلَهٗ	يٰقَوْمِ	رَاَوْهُ	شَرَوْهُ	عَفَوْنَا

مخرج نمبر: ۱۳ - حُروفِ صَفِیْرِیَّہْ

زبان کی نوک جب اوپر نیچے کے سامنے والے دونوں بڑے دانتوں کے بیچ سے لگے تو اس سے " ز، س، ص، " ادا ہوتے ہیں۔

مشق (۲) یائے لین کی مثالیں۔ ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھیں۔

اَیْنَ	بَیْنَ	کَیْفَ	لَیْسَ	رَیْبَ
غَیْرِیْ	عَلَیْكَ	عَلَیْهِمْ	لَدَیْهِمْ	هَیْهَاتَ

مشق (۳) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال : حروف لین کتنے ہیں؟ جواب: دو

سوال : واولین میں واو ساکن سے پہلے کیا آتا ہے؟ جواب : زبر

سوال : یائے لین میں " ی " پر کون سی علامت ہوتی ہے؟ جواب: جزم

مخرج نمبر: ۱۴ - حَرفِ شَفَوِیَّہْ اوپر والے دانتوں کا کنارہ نچلے ہونٹ کے تر حصے سے مل کر " ف " ادا ہوتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق نمبر (۱۳)

- حرکات (ـَ ـِ ـُ) کو بالکل نہ بڑھائیں، حروفِ قلقلہ کے علاوہ کہیں بھی جزم (ـْ) کو جنبش نہ دیں۔
- حروفِ مدہ کو ایک الف کی مقدار ہی پڑھیں! بڑھانے کی کوشش نہ کریں!
- کھڑی حرکات (ـٰ ـٖ ـٗ) بھی حروفِ مدہ ہی کے برابر ہیں۔

بَعَثَ	اِبِلِ	رُسُلُ	لُعِنَ	كَرُمَ

عَنَبُ	وَلَقَدْ	فِيْ دَارِهِمْ	فَاَصْبَحُوْا	هَيْهَاتَ
سَبَقَتْ	كَلِمَتُنَا	لِعِبَادِنَا	اَلْمُرْسَلِيْنَ	قَدْ كَانَتْ
مُوْسٰى	جٰثِمِيْنَ	اَلْكِتٰبَ	اٰتَيْنَا	اٰيٰتِيْ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سبق نمبر (۱۴) تشدید (ـّـ)

- جس حرف پر تشدید (تین دندان) ہو اسے مشدَّد کہتے ہیں۔ ''مشدَّد حرف'' دوبار پڑھا جاتا ہے۔ ایک بار پچھلے حرف سے ملا کر، دوسری بار خود اس پر لگی حرکت کے مطابق۔ اس لیے اس کی ادائیگی میں دو حرف کے برابر دیر لگتی ہے۔
- آپ سبق نمبر ۵ میں پڑھ چکے ہیں کہ جن حروف پر جزم (سکون) ہو اُنھیں ''حروفِ ساکنہ'' کہتے ہیں۔ خیال رہے کہ مشدَّد حروف میں بھی پہلا حرف ساکن ہوتا ہے۔
- مشدد حرف کو ذرا سختی (مضبوطی) کے ساتھ ادا کیا جاتا ہے۔ جیسے اَبَّ ، اَبْ + بَ = اَبَّ
- حروفِ غنّہ، ن اور م، اگر مشدد ہوں تو دو حرکت کی مقدار غنّہ کریں۔ ناک میں آواز لے جانا ''غنّہ'' کہلاتا ہے۔

ہجے اس طرح کریں! جیسے : ہمزہ با، زبر اَبْ، با زبر بَ = اَبَّ

أَبْ+بَ = أَبَّ	أَبْ+بِ = أَبِّ	أَبْ+بُ = أَبُّ	أَشْ+شَ=أَشَّ	أَشْ+شِ=أَشِّ	أَشْ+شُ=أَشُّ
أَوَّ	اَوِّ	اَوُّ	اَفَّ	اَفِّ	اَفُّ
اَتَّ	اَتِّ	اَتُّ	اَطَّ	اَطِّ	اَطُّ
اَدَّ	اَدِّ	اَدُّ	اَثَّ	اَثِّ	اَثُّ

اَذَّ	اَذِّ	اَذُّ	اَظَّ	اَظِّ	اَظُّ
اَزَّ	اَزِّ	اَزُّ	اَسَّ	اَسِّ	اَسُّ
اَصَّ	اَصِّ	اَصُّ	اَجَّ	اَجِّ	اَجُّ
اَمَّ	اَمِّ	اَمُّ	اَنَّ	اَنِّ	اَنُّ

مشق (۱) ہجے اور رواں دونوں طریقوں سے پڑھیں۔

صَبَّ - يَصُبُّ	دَقَّ - يَدُقُّ	حَجَّ - يَحُجُّ	لَفَّ - يَلُفُّ	خَطَّ - يَخُطُّ	فَرَّ - يَفِرُّ
تَرَبُّصُ	زَقُّوْمِ	وَدُّوْ	زُيِّنَ	تَبْيَضُّ	صَدُّوْكُمْ
يَخْتَصُّ	كَطَيِّ	فَاُمُّهٗ	تَمُرُّ	تَطَهَّرَ	يُؤَلِّفُ

مشق (۲) قرآنی مثالیں

نُسَوِّىَ	فَضَّلْنَا	سُعِّرَتْ	طَهِّرَا	يُوَفَّ	وَالطُّوْرِ
وَالطَّيْرِ	اَلثَّاقِبُ	فِى الْحَجِّ	نَقُصُّ	نُوَلِّهٖ	مَتَّعْنَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سبق نمبر: ۱۵۔ (تَنْوِيْنْ)

- دوزبر (ــً) دوزیر (ــٍ) دوپیش (ــٌ) کو "تنوین" کہتے ہیں۔ جس حرف پر تنوین ہو اسے "مُنَوَّنْ" کہتے ہیں۔ تنوین نونِ ساکن ہی ہوتی ہے۔ تنوین اور نون ساکن کی آواز یکساں ہوتی ہے۔ تنوین ہمیشہ کلمے کے آخر میں آتی ہے۔
- دوزبر والی تنوین کے بعد کہیں "ا" اور کہیں "ی" لکھا جاتا ہے، ہجے کرتے وقت اس کا نام نہ لیں۔

دوزبر والی تنوین (ــً)

بَنْ = بًا	جَنْ = جًا	دَنْ = دًا

تًا	خًا	غًا	نًا	هًا	عًا	صًا	طًا	وًا	دًى
مًا	قًا	فًا	حًا	كًا	أً	صًا	ضًا	ظًا	ثًا

مشق (ا) قرآنی مثالیں

خِطْئًا	وَطْئًا	قَرِيْبًا	قَانِتًا	اَحَدًا	صَبْرًا
أَبًّا	قَوِيًّا	عَفُوًّا	عَدُوًّا	حُبًّا	حَقًّا

دوزیر والی تنوین (ــٍ)

تِنْ = تٍ	جِنْ = جٍ	ذِنْ = ذٍ

بٍ	ثٍ	خٍ	رٍ	يٍ
ضٍ	غٍ	شٍ	قٍ	فٍ

مشق (۲) قرآنی مثالیں

حَقٍّ	نَبَاٍ	شُعَيْبٍ	حَدِيْثٍ	مُكْثٍ	مُهٰجِرٰتٍ	نُوْحٍ
صِرَاطٍ	زَنِيْمٍ	حِسَانٍ	ثَمَنٍ	لُوْطٍ	حَفِيْظٍ	شَكٍّ

دو پیش والی تنوین (ـٌ)

ثُنْ = ثٌ	خُنْ = خٌ	رُنْ = رٌ

بٌ	تٌ	جٌ	حٌ	دٌ
زٌ	سٌ	صٌ	غٌ	یٌ

مشق (۳) قرآنی مثالیں

حَقٌّ	ظَمَاٌ	خُشُبٌ	فُرَاتٌ	ثَابِتٌ	حَرَجٌ
عَذَابٌ	شَاكِرٌ	ذَرْعٌ	عَرْشٌ	قِصَاصٌ	مَعَاذٌ

مشق (۴) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زبانی دیجیے۔

سوال: دو زبر کے بعد الف آئے تو کیا اسے پڑھا جائے گا؟

جواب: وصلاً (یعنی ملاتے وقت) نہیں پڑھا جائے گا۔ وقفاً (یعنی ٹھہرتے وقت) پڑھا جائے گا۔

سوال: دو زبر کے بعد اگر "ی" آجائے تو کیا اسے پڑھتے ہیں؟

جواب: نہیں۔

سوال: نون ساکن کسے کہتے ہیں ؟

جواب: جس نون پر جزم (سکون) ہو اُسے نون ساکن کہتے ہیں۔

مخرج نمبر:۱۵۔ حُروفِ شَفَوِيَّهُ

دونوں ہونٹوں سے "ب، م، و" ادا ہوتے ہیں، وہ اس طرح کہ بند ہونٹوں کے گیلے حصّے سے "ب" اور خشک حصّے سے "م" اور ہونٹوں کی گولائی سے "واو"

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سبق نمبر :۱۶۔ (الف، واو، لام، را، کی تفخیم اور ترقیق کے قاعدے)

- حروفِ تہجی میں کچھ وہ ہیں جو ہمیشہ پُر (موٹے) پڑھے جاتے ہیں اور کچھ وہ ہیں جو ہمیشہ باریک پڑھے جاتے ہیں؛ مگر "ا، و، ل، ر" ایسے حروف ہیں جو کبھی پُر اور کبھی باریک پڑھے جاتے ہیں۔

(الف)

- الف سے پہلے اگر پُر حرف ہو تو الف پُر (موٹا) پڑھا جائے گا یعنی الف اپنے ماقبل کے تابع ہوگا۔ جیسے :قَالَ میں "الف" موٹا پڑھا جائے گا؛ کیوں کہ اس سے پہلے "ق" ہے جو کہ ہمیشہ پُر پڑھا جاتا ہے۔
- اگر "الف" سے پہلے حروفِ مستعلیہ یعنی (خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق) کے علاوہ کوئی حرف آجائے تو الف باریک ہوگا۔ جیسے کَانَ، اِذَا وغیرہ۔

پُر (موٹا)	قَامَ	صَامَ	غَامَ
پُر (موٹا)	خَابَ	ظَالِمٌ	طَالِبٌ
باریک (پتلا)	مَالِكٌ	كِتَابٌ	كَانَتْ
باریک (پتلا)	ثَاقِبٌ	فَارِضٌ	اَيَّامٌ

(واوِمَدَّہ)

واومدّہ سے پہلے اگر پُرحرف ہوتو واومدّہ بھی پُر پڑھا جائے گا۔

پُر (موٹا)	قُولُوا	مَكۡظُومٌ	مُعۡرِضُونَ
باریک (پتلا)	كُونُوا	سُورَةٌ	مُكۡرَمُونَ

(اسمِ جَلَالت "اَللّٰہ (عَزَّوَجَلّ)" کے قاعدے)

- لفظِ "اَللّٰہ" یا "اَللّٰھُمَّ" کے لام کو لام جلالت کہتے ہیں۔ یہ کبھی پُر اور کبھی باریک پڑھا جاتا ہے۔
- لفظِ "اَللّٰہ" یا "اَللّٰھُمَّ" کے لام سے پہلے اگر زبر یا پیش آجائے تو لامِ جلالت کو پُر پڑھیں گے۔ جیسے اِنَّ اللّٰہَ۔
- لفظِ "اَللّٰہ" یا "اَللّٰھُمَّ" کے لام سے پہلے اگر زیر آجائے تو لامِ جلالت کو باریک پڑھیں گے۔ جیسے قُلِ اللّٰھُمَّ۔

پُر (موٹا)	هُوَ اللّٰهُ	قَالُوا اللّٰهُمَّ	رَسُولُ اللّٰهِ
باریک (پتلا)	بِاللّٰهِ	بِسۡمِ اللّٰهِ	قُلِ اللّٰهُمَّ

" ر " کے قاعدے

- کبھی پُر اور کبھی باریک پڑھے جانے والے حروف میں سے ایک حرف " ر " بھی ہے۔ " ر " کے کئی قاعدے ہیں جن کو اچھی طرح سمجھنا بہت ضروری ہے؛ ورنہ غلطیاں ہوتی رہیں گی۔

پُر پڑھنے کے قاعدے

(۱) را پر زبر یا پیش ہو تو، را ہمیشہ پُر ہوگی۔ مثالیں۔

رَحۡمَةٌ	رُزِقُوا	رَاقٍ	رُبَمَا

(۲) رائے ساکن سے پہلے زبر یا پیش ہو تو راپُر ہوگی۔ مثالیں۔

اَرْضٌ	عَرْشٌ	فُرْقَانٌ	تُرْجَعُوْنَ

(۳) رائے ساکن سے پہلے زیر ہو اور اس را کے بعد کوئی پُر حرف اسی کلمہ میں ہو تو راپُر ہوگی۔ مثالیں۔

مِرْصَادٌ	قِرْطَاسٍ	فِرْقَةٌ	اِرْصَادًا

(۴) رائے مشدد پر، زبر، دوزبر، پیش یا دو پیش ہوں تو راپُر ہوگی۔ مثالیں۔

اَلرَّحْمٰنُ	سِرًّا	اَلْحُرُّ	مُسْتَقِرٌّ

(۵) رائے ساکن سے پہلے ساکن غیرِ یا ہو اور اس ساکن سے پہلے زبر یا پیش ہو تو راپر ہوگی۔ مثالیں۔

اَلْفَجْرْ	اَلْاُمُوْرْ	اَلْقَدْرْ	اَلنُّوْرْ

(۶) رائے ساکن سے پہلے زیرِ عارضی ہو تو راپُر ہوگی۔ مثالیں۔

اِرْجِعِیْ	اِرْكَبْ	اِرْتَبْتُمْ	اِرْكَعُوْا

(۷) رائے ساکن کے ماقبل کسرہ دوسرے کلمہ میں ہو تو راپر ہوگی۔ مثالیں۔

رَبِّ ارْجِعُوْنِ	اَمِ ارْتَابُوْا	رَبِّ ارْحَمْهُمَا

باریک پڑھنے کے قاعدے

(۱) راپر زیر ہو تو ''را'' ہمیشہ باریک ہوگی۔ مثالیں۔

رِزْقُ	وَاقْتَرِبْ	اُرِيْدُ	يُوَارِیْ

(۲) راے ساکن سے پہلے زیر ہو تو را ہمیشہ باریک ہوگی۔ مثالیں۔

فَاصْبِرْ	وَاغْفِرْ لَنَا	اُمِرْتُ	مُنْهَمِرْ

(۳) راے ساکن سے پہلے یاے ساکن ہو تو را باریک ہوگی۔ مثالیں۔

خَيْرْ	طَيْرْ	خَبِيْرْ	نَذِيْرْ

(۴) راے مشدد پر زیر یا دو زیر ہوں تو را باریک ہوگی۔ مثالیں۔

نُفَرِّقُ	مِنْ شَرِّ	بِالْبِرِّ	مُسْتَمِرٍّ

(۵) راے ساکن سے قبل تیسرے حرف پر زیر ہو تو را باریک ہوگی۔ مثالیں۔

ذِكْرْ	حِجْرْ	سِحْرْ	بِئْرْ

(۶) راے ساکن اور حرفِ استعلاء دو الگ الگ کلموں میں ہوں تو را باریک پڑھی جائے گی۔ مثالیں۔

فَاصْبِرْ صَبْرًا	اَنْذِرْ قَوْمَكَ

(۷) راے ممالہ باریک پڑھی جائے گی۔ مثال۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا

مشق (۱)

"الف، واو، لام، را" کے قاعدوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل الفاظ کو غور سے پڑھیے۔

قَالَ اللّٰهُ	سَمِعَ اللّٰهُ	اَمَرَ اللّٰهِ	رَحْمَةُ اللّٰهِ
يَغُرُّكَ	مُسْتَقَرٌّ	رَبِّ ارْجِعُوْنِ	مِرْصَادًا

دُرِّيٌّ	اَمِ ارْتَابُوْا	كَانَ النَّاسُ	لَيْلَةُ الْقَدْرِ
